پریس ریلیز

گوجرانوالہ 10 جولائی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کو خوشخبری دیتے ہوئے بتایا کہ بزنس کمیونٹی کے ڈرائیونگ ٹیسٹ اب گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں ہی لئے جائیں گے۔ بزنس کمیونٹی کو ڈرائیونگ ٹیسٹ کیلئے اب کسی دوسری جگہ جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ خصوصی کاوش سے انتظامیہ سے اس کی منظوری حاصل کر لی گئی ہے۔انہوں نے تفصیلاً آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر آف کامرس کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ بزنس کمیونٹی کو ڈرائیونگ ٹیسٹ کی سہولت چیمبر آف کامرس میں ہی دی جائے۔

سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم اور سی ٹی او گوجرانوالہ میاں سہیل فاضل نے چیمبر کی بھرپور سفارش پر عملدرآمد کرتے ہوئے چیمبر آف کامرس میں بزنس کمیونٹی کیلئے ڈرائیونگ ٹیسٹ کاؤنٹر کے قیام کی منظوری دے دی یہ کاؤنٹر رواں ہفتے سے ہی بزنس کمیونٹی کے ڈرائیونگ ٹیسٹ شروع کردے گا۔انہوں نے مزید بتایا کہ بزنس کمیونٹی کو ڈرائیونگ ٹیسٹ کے لئے شہر کی مختلف جگہوں پر جانا پڑتا ہے جس سے بزنس کمیونٹی کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے بزنس کمیونٹی کی اس پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے انتظامیہ سے سفارش کی کہ بزنس کمیونٹی کیلئے ڈرائیونگ ٹیسٹ کی سہولت چیمبر آف کامرس میں موجود خدمت مرکز پر ہی ڈرائیونگ ٹیسٹ لیا جائے۔ تاکہ کاروباری برادری کو ڈرائیونگ ٹیسٹ کے حوالے سے کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے کہا کہ میں سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم اور سی ٹی او گوجرانوالہ میاں سہیل فاصل کا خصوصی شکرگزار ہوں کہ جنہوں نے بزنس کمیونٹی کی آسانی کیلئے چیمبر آف کامرس میں ڈرائیونگ ٹیسٹ لینے کی منظوری دی۔انتظامیہ کی اس کاوش سے بزنس کمیونٹی کو نہ صرف بروقت ڈرائیونگ ٹیسٹ کی سہولت میسر آئی گی بلکہ ان کا قیمتی وقت بھی بچ سکے گا۔